## سوال

(47)ابلے انڈے میں خون ہو تو اسے کھانے کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مہربانی سے انڈوں کے حلال اور حرام ہونے کی صورتوں کا بیان کیجیے۔ اگر ابلے ہوئے انڈے میں خون نظر آئے تو پھینک دینا چاہیے؟ کیا مسلمان کے لیے بہتر ہے کہ وہ ابلے ہوئے انڈے نہ کھائے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جانور ذبح کرتے وقت جو خون بہہ رہا ہو اس کا پینا حرام ہے لیکن جو خون ہڈیوں میں لگا رہ جائے اور سالن پکاتے وقت ظاہر ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ یہی مسئلہ انڈوں کے اندر رچے ہوئے خون کا بھی ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

**حلال وحرام کے مسائل، صفحہ:349**

محدث فتویٰ